SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXXII مجریہ ۲۰۱۳
SINDH ACT NO.XXXII OF 2013
سندھ صوبائی اسیمبلی (برائے میمبران) مراعات (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳
THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (MEMBERS) PRIVILEGES (AMENDMENT) ACT, 2013

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان ، نفاذ اور شروعات
Short Title extent and commencement
۲۔ سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ ۱۹۷۵ دفعہ 10-A کا شامل ہونا
Insertion of section 10-A in the Sindh Act No.XI of 1975

سندھ ایکٹ نمبر XXXII مجریہ ۲۰۱۳
SINDH ACT NO.XXXII OF 2013
سندھ صوبائی اسیمبلی (برائے میمبران)

مراعات (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳
THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (MEMBERS) PRIVILEGES (AMENDMENT) ACT, 2013

[1 اپریل، ۲۰۱۳]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبائی اسمبلی (میمبراں) مراعات ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت سندھ اسمبلی کے میمبران کوملنے والی مراعات، سینیٹ میمبران اور قومی و صوبائی اسمبلیوں کے میمبران کو ملنے والی مراعات سے ہم آہنگ کرنا ہے اور سندھ صوبائی اسمبلی (ممبران کے لئے) مراعات ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔

جس کو اس طرح سے بناکر نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ صوبائی اسیمبلی (برائے میمبران) مراعات (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذالعمل ہوگا۔

سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ ۱۹۷۵ دفعہ 10-A کا شامل ہونا
Insertion of section 10-A in the Sindh Act No.XI of 1975

۲۔ سندھ صوبائی اسمبلی (برائے میمبران) مراعات ایکٹ، ۱۹۷۵، میں دفعہ ۱۰ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ 10-A کو شامل کیا جائے گا۔

"10-A ایک سابق رکن اور بطور رکن رہنے والے مرحوم میمبر کی شریک حیات درج ذیل تمام سہولیات کا حقدار ہوگا۔"

(a) تمام سرکاری گیٹ ہائوسز، ریسٹ ہائوسز اور سندھ ہائوس اسلام آباد اور سندھ ہائوس گوادر تک رسائی حاصل ہوگی، اور اس سے وہاں رہائش کے معاوضے کے طور پر اتنا ہی لیا جائے گا جتنا کسی سرکاری آفیسر سے سرکاری دورونکے دوراں اس جگہ پررہائش کے لئے لیا جاتا ہے۔

(b) اسمبلی سیکریٹریٹ، اسمبلی لائبریری اور

اسمبلی اجلاسوں کی دیکھنے کے لئے اسپیکرز گیلری کےلئے تاحیات انٹری پاس (داخلہ پاس)۔
(c) وفاقی حکومت کے قوانین کے تحت تمام ہوائی اڈوں کے وی آئی پی لاونجر کا استعمال کرنا۔
(d) اپنے یا شریک حیات یا ۱۸ سال سے کم عمر بچوں کے لئے وفاقی حکومت کے قوانین کے تحت تاحیات سرکاری مفت پاسپورٹ کی سہولیت۔
(e) سرکاری افسراں کے لئے مقرر قیمت پر چار ہتیاروں کے لائسنس کا اجرا و تجدید“۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔